سوال

(25)حضرت عیسیٰ دوبارہ کس حیثیت سے آئیں گے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

برمنگھم سے جوادملک (عمر ۱۰ سال) لکھتے ہیں کہ آخری نبی محمدﷺ ہیں توجب حضرت عیسیٰ دوبارہ دنیامیں آئیں گے توانہیں کیاکہیں گے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حضرت عیسیٰ جب دنیامیں آئیں گے تووہ نبی کریمﷺ کے امتی کی حیثیت سے آئیں گے اورشریعت اسلامیہ کے مطابق عمل کریں گے لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ ان کی نبوت ختم ہوگی وہ اللہ کے برگزیدہ پیغمبرہیں اوران کا وہ اعزازبرقراررہے گا۔ ہم کہہ سکتے ہیں شریعت کے احکام کے لحاظ سے وہ امتی ہوں گے جب کہ منصب ومقام کے لحاظ سے وہ اللہ کے جلیل القدرنبی ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

ص116

محدث فتویٰ